Human Resources Administration
Department of Homeless Services
Department of Social Services

DSS-9n (U) 10/04/2023 (page 1 of 2)
(E) 09/29/2023 LLF

ریاست بھر میں CityFHEPS
اکثر پوچھے گئے سوالات (Frequently Asked Questions, FAQ)
(Urdu)

1. **ریاست بھر میں CityFHEPS پروگرام کیا ہے؟**
شاپنگ لیٹر والے CityFHEPS کے شرکاء اب اپنی CityFHEPS سبسڈی کو نیویارک اسٹیٹ (New York State, NYS) کے اندر کہیں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

2. **کون اہل ہے؟**
شیلٹر یا کمیونٹی کے ایک درست CityFHEPS شاپنگ لیٹر والے تمام گھرانے نیویارک سٹی (New York State, NYC) سے باہر جاسکتے ہیں۔ ایک اچھے مقصد کی منتقلی کے لیے منظور شدہ CityFHEPS کے موجودہ شرکاء بھی نقل مکانی کر سکتے ہیں۔

3. **کیا دوسری ریاستوں میں CityFHEPS کا استعمال کیا جا سکتا ہے؟**
نہیں۔ CityFHEPS کا استعمال صرف NYS کے اندر ہی کیا جا سکتا ہے۔

4. **کیا CityFHEPS کو NYC سے باہر کمرے کے کرائے پر استعمال کیا جا سکتا ہے؟**
نہیں، صرف اپارٹمنٹس NYC سے باہر کرائے پر لئے جا سکتے ہیں۔

5. **کیا زیادہ سے زیادہ CityFHEPS کے کرایے NYC کے باہر ایک جیسے ہیں؟**
NYC سے باہر CityFHEPS کرائے مقامی معیار کے مطابق طے کیے گئے ہیں۔ پر سیٹ کیے گئے ہیں۔ یوٹیلیٹی الاؤنس کی شرحیں ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی اور نیو یارک اسٹیٹ کے بقیہ علاقوں کے لیے بھی مختلف ہیں۔ NYC سے باہر کے لیے CityFHEPS کے کرایے کا شیڈول دیکھنے کے لیے، براہ کرم DSS CityFHEPS کی ویب سائٹ https://www1.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page پر جائیں۔

6. **کیا NYC سے باہر منتقل ہونے پر اپارٹمنٹ کا جائزہ ضروری ہے؟**
ہاں۔ DHS یا فراہم کنندہ کا عملہ NYC کے اندر اور Nassau،Rockland، Suffolk ، اور Westchester کی NYS کاؤنٹیوں میں اپارٹمنٹ کے جائزے کی جامع چیک لسٹ کو استعمال کرتے ہوئے واک تھرو کرتا ہے۔ دیگر تمام کاؤنٹیز میں اپارٹمنٹس میں صرف ورچوئل واک تھرو کا آپشن ہوگا۔

7. **اگر اپارٹمنٹ جائزہ میں ناکام ہو جاتا ہے تو کیا ہوگا؟**
اگر اپارٹمنٹ جائزہ میں ناکام ہو جاتا ہے، لیکن اصلاحات بروقت طریقے سے کی جاتی ہیں اور اپارٹمنٹ دوسرا جائزہ پاس کرتا ہے یا مقامی اتھارٹی سے شرائط کے لیے اصلاحات کا سرٹیفکیٹ حاصل کر لیتا ہے تو، اپارٹمنٹ کو اب بھی منظوری مل سکتی ہے۔

(صفحہ پلٹیں)

ریاست بھر میں CityFHEPS
اکثر پوچھے گئے سوالات (Frequently Asked Questions, FAQ) *(جاری)*

8. **اگر میں NYC سے باہر جاتا ہوں تو نگہداشت کے کون سے وسائل دستیاب ہوں گے؟**

CityFHEPS کے شرکت کنندگان آؤٹ-آف-سٹی کی ہاٹ لائن کو 718-557-1399 پر کال کر سکتے ہیں اگر:

- انہیں اپنی رہائش سے متعلق ایسے مسائل درپیش ہیں جنہیں ان کا مکان مالک ٹھیک نہیں کر رہا ہے۔
- انہیں بے دخل کیا جا رہا ہے یا بے دخل کرنے کی دھمکی دی جا رہی ہے۔
- انہیں آمدنی میں خسارہ یا کمی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور ان کی آمدنی میں اضافہ کرنے میں مدد کے لیے خدمات کا حوالہ درکار ہے (مثلاً، ملازمت کی تربیت یا کیریئر کی خدمات)۔
- انہیں ایسے مسائل درپیش ہیں جو مستقل طور پر گھر میں رہنے کی آپ کی اہلیت کو متاثر کر سکتے ہیں۔
- انہیں اپنی کمیونٹی میں دستیاب دیگر خدمات سے متعلق رہنمائی درکار ہے (مثلاً، اسکول کے لیے بچے کا رجسٹریشن کرانے کے طریقے کی معلومات)۔

9. **اگر میں لیز کے دوران اپارٹمنٹ چھوڑ کر چلا جاتا ہوں تو کیا ہوتا ہے؟**

اگر آپ CityFHEPS کی مدت ختم ہونے سے پہلے اپارٹمنٹ چھوڑتے ہیں تو آپ کو فوری طور پر DSS کو بتانا ضروری ہے۔ اگر آپ چھوڑنا چاہتے ہیں لیکن آپ نے ابھی تک ایسا نہیں کیا ہے، تو ہو سکتا ہے کہ آپ ایک اچھی وجہ کی منتقلی مل جائے۔ آؤٹ آف سٹی کی ہاٹ لائن سے 718-557-1399 پر رابطہ کریں۔

10. **اگر مکان مالک پہلے سال کے دوران مجھ سے خالی کروانے کی کوشش کرتا ہے تو، میں کس طرح مدد حاصل کر سکتا ہوں؟**

کرایہ دار ہاٹ لائن کو کال کر سکتے ہیں اور اپنی کمیونٹی میں موجود بے دخلی کی روک تھام کی خدمات کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔ اگر بے دخلی ہو جاتی ہے تو، مکان مالک کے معاہدے کی شرائط کے مطابق، مکان مالک کلائنٹ کی رہائش کے عوض فاضل رقوم واپس کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر رقوم واپس نہیں کی جاتی ہیں تو سٹی مالک سے رقوم کی واپس ادائیگی کے لیے قانونی ذرائع اختیار کرے گی۔

11. **CityFHEPS NYC کے باہر کتنے عرصہ تک باقی رہتا ہے؟**

CityFHEPS کسی بھی جگہ پر ایک جتنا وقت ہی باقی رہتا ہے — کرایہ دار اچھے مقصد کی وجہ سے ممکنہ اضافی سالوں کے ساتھ چار سالانہ تجدید کے اہل ہیں۔

12. **سالانہ تجدید NYC سے باہر کیسے کام کرتی ہے؟**

تجدید کو ای میل یا DSS کو ڈاک سے بھیجا جا سکتا ہے:

13. **اگر میں فی الحال NYC میں نقد امداد (Cash Assistance, CA) اور تکملاتی تغذیاتی پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP) جیسے عوامی فوائد حاصل کر رہا ہوں، تو وہ نئی کاؤنٹی میں کتے عرصہ تک باقی رہتے ہیں؟**

NYC کی جانب سے عبوری فوائد ایک ماہ تک جاری رہیں گے۔ اگر آپ کو فوائد کا حصول جاری رکھنے کی ضرورت ہے، تو آپ کو اپنی نئی کاؤنٹی میں سماجی خدمات کے مقامی ضلع میں درخواست دینی ہوگی۔